# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
(شعبہ قرآن و تفسیر)

## وارننگ

**عزیز طلبہ!**

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام:** اصول تفسیر (1954) سمسٹر: خزاں 2026ء

**سطح:** بی۔ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100 (یونٹ:1تا5) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ اصولِ اور تفسیر کا لغوی معنی بیان کرتے ہوئے اصولِ تفسیر کا اصطلاحی معنی، موضوع، اہمیت اور فضیلت لکھیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ سر سید احمد خانؒ اور مولانا عبد المالک کاندھلویؒ کے تحریر کردہ اصول تفسیر کے مندرجات کا جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ علم التذکیر بالموت و مابعد الموت اور علم التذکیر بایام اللہ کے متعلقات کو تفصیل سے لکھیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ شاہ ولی اللہؒ کے نزدیک منسوخ آیات کی تعداد تحریر کرتے ہوئے ان ناسخ و منسوخ آیات کی فہرست ضبطِ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ شاہ ولی اللہؒ کے موقف کی روشنی میں ایک مفسر کے لیے اسباب نزول کے موضوع کی اہمیت اور پہلوؤں کا تجزیہ کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 (یونٹ:6تا9) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ ابدال کا مفہوم اور اقسام لکھتے ہوئے اسم کی اسم سے تبدیلی کی دس قرآنی مثالیں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ کلام میں مروجہ طریقے پر اضافے کی صورتیں لکھیے اور قرآن مجید سے ان کی مثالیں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ اعجازِ قرآن کا مفہوم لکھیے اور شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے بیان کردہ وجوہِ اعجاز تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ توجیہ کا طریقہ اور متشابہات کی تاویل کا طریقہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ کنایہ اور تعریض کا مفہوم بیان کیجیے اور قرآن مجید کی مثالوں سے ان اصطلاحات کی وضاحت لکھیے۔ (20)